© rasailojaraid.com



مدیر کے قلم سے



# تعارف تبصرہ کتب

کتاب: نجم الفتاویٰ (جلد۳) مصنف: حضرت مولانا قاضی عبدالکریم صاحب کلاچوی مدظلہ

ضخامت: ۵۰۰ صفحات قیمت۔۲۵۰ روپے ناشر: شعبہ تصنیف وتالیف نجم المدارس کلاچی ڈیرہ اسماعیل خان

بقیۃ السلف حضرت مولانا قاضی عبدالکریم صاحب کلاچوی مدظلہ دارالعلوم دیوبند کے فاضل اور شیخ الاسلام والمسلمین مولانا سید احمد حسین احمد مدنی قدس سرہ کے مایہ ناز تلمیذ ہیں۔عرصہ دراز سے مدرسہ عربیہ نجم المدارس کلاچی کا اہتمام ان کی زیر سر پرستی جاری ہے۔اللہ تعالیٰ نے آپ کو علوم قرآنیہ کے ساتھ ساتھ علم فقہ اور تصوف میں کافی مہارت سے نوازا ہے۔اور وقتاً فوقتاً آپ کی وقیع تصانیف اشاعت پذیر ہوتی ہیں۔جن سے ایک دنیا مستفید ہورہی ہے۔

زیر تبصرہ کتاب نجم الفتاوی (ج ۳) میں صلوٰۃ ‘صوم‘ زکوٰۃ وعشر کتاب الصید والذبائح‘ کتاب الاضحیۃ‘ کتاب الحظر والاباحۃ‘ کتاب الایمان والنذور‘ کتاب الحدود والتعزیرات‘ کتاب الجنایات‘ کتاب الجہاد‘ کتاب المزارعۃ‘ کتاب الربوا‘ کتاب الدعویٰ‘ کتاب القضاء‘ کتاب الکفالۃ‘ کتاب الغصب‘ کتاب اللقطہ‘ کتاب الشرکۃ‘ کتاب الشفعہ‘ کتاب الوصایا‘ کتاب الولاء‘ کتاب الوکالۃ‘ کتاب الصلح‘ کتاب الوقف اور کتاب الھبہ کے متعلق فتاوی اور مسائل مذکور ہیں

حضرت مولانا بذات خود ایک سند کی حیثیت رکھتے ہیں۔لیکن یہ آپ کی کسر نفسی ہے کہ اس کے باوجود بھی آپ نے بعض جید علماء کرام سے اس پر نظر ثانی اور نظر ثالث کے لئے فرمایا۔اور انہوں نے انتہائی عرقریزی سے اس پر تحقیقی کام کیا۔بہر حال جو کام ایک ادارہ کے کرنے کا تھا‘ وہ حضرت قاضی صاحب مدظلہ اور انکے لائق فرزندان گرامی حضرت مولانا قاضی عبدالحلیم صاحب مدظلہ‘ مولانا قاضی محمد نسیم صاحب اور انکے ساتھ ساتھ مولانا محمد زمان صاحب نے انتہائی احسن طریقے سے انجام دیا ہے۔اس سے پہلے نجم الفتاویٰ کی دو جلدیں شائع ہوچکی ہیں اور علمی دنیا سے خراج پا چکی ہیں۔ہماری دعا ہے کہ حضرت قاضی صاحب مدظلہ کے علوم ومعارف کے یہ خزینے منصۂ شہود پر آتے رہیں۔

---

کتاب: الشرح الثمیری علی المختصر للقدوریؒ (۴جلد) مصنف: مولانا ثمیر الدین قاسمی صاحب دامت برکاتہم

ناشر: مکتبہ رحمانیہ غزنی سٹریٹ‘ اردو بازار لاہور عام قیمت: 650 روپے

© rasailojaraid.com

امام ابوالحسن بن احمد البغدادی المعروف بالقدوری کی کتاب مختصر القدوری فقہ حنفی کی ایک ہزار سال کے